# 113957 ـ رضاعی بہن کی بہن سے شادی کرنے کا حکم

**سوال**

کیا رضاعی بہن کی بہن سے شادی کرنا جائز ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

جس کی رضاعی بہن ہو جس نے اس کی ماں کا دودھ پیا ہو یا پھر کسی اجنبی عورت کا دونوں نے دودھ پیا تو اس کے لیے اس رضاعی بہن کی بہن سے شادی کرنا جائز ہے.

لیکن اگر کسی لڑکے نے کسی لڑکی کی ماں کا دودھ پیا ہو تو وہ اس لڑکی اور اس کے سب بہن بھائیوں کا رضاعی بھائی بن جائیگا، اس لیے اس میں کسی ایک کے ساتھ بھی شادی کرنا جائز نہیں ہو گی.

واللہ اعلم .